علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: اسلامی قانون میں وسائل اثبات (4636) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: ایم اے (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا4)

سوال نمبر 1۔ حدود و قصاص اور دیگر معاملات میں گواہی کا نصاب بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ یمین و نکول سے کیا مراد ہے؟ واضح کریں۔ نیز جن حقوق پر قسم طلب کی جاتی ہے ان کی تفصیل بھی بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ جھوٹی گواہی سے متعلق شریعت اسلامیہ کا مؤقف واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ قیافہ کی مشروعیت اور اہمیت پر شریعت اسلامیہ کی روشنی میں بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اسلامی قانون کی روشنی میں علم القاضی پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5تا9)

کل نمبر:100　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر 1۔ فیصلوں کے نفاذ کے لیے کون کون سے طریقے اختیار کیے جا سکتے؟ تفصیل سے واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ سیرت رسول ﷺ میں موجود احتساب کی عملی مثالیں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ والی مظالم کے اختیارات اور مظالم عدالت کی ترکیب کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ فیصلوں پر نظر ثانی کے قواعد بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ احتساب کی مشروعیت پر مفصّل نوٹ لکھیں۔ (20)